وَ اعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّ لَا تَفَرَّقُوْا (آلِ عمران آیت ۱۰۴



Newsletter Oct 2026

القرآن

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۶﴾

تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے اُن سے اللہ نے پختہ وعدہ کیا ہے کہ انہیں ضرور زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسا کہ اُس نے اُن سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا اور اُن کے لئے اُن کے دین کو، جو اُس نے اُن کے لئے پسند کیا، ضرور تمکنت عطا کرے گا اور اُن کی خوف کی حالت کے بعد ضرور اُنہیں امن کی حالت میں بدل دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے۔ میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے۔ اور جو اُس کے بعد بھی ناشکری کرے تو یہی وہ لوگ ہیں جو نافرمان ہیں۔

Allah has promised to those among you who believe and do good works that He will surely make them Successors in the earth, as He made Successors from among those who were before them; and that He will surely establish for them their religion which He has chosen for them; and that He will surely give them in exchange security and peace after their fear: They will worship Me, and they will not associate anything with Me. Then whoso is ungrateful after that, they will be the rebellious.

An-Nur ch 24, verse 56

ارشاد نبوی ﷺ

حُذَيْفَة بن اليَمَان رَضِيَ اللّٰه عَنْهُ يَقُوْلُ كَانَ أَصْحَابُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُوْنَهُ عَنِ الْخَيْرِ وَأَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ بَعْدَ هَذَا الْخَيْرِ شَرٌّ كَمَا كَانَ قَبْلَهُ شَرٌّ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَمَا الْعِصْمَةُ مِنْهُ قَالَ فَإِنْ رَأَيْتَ يَوْمَئِذٍ خَلِيْفَةَ اللّٰهِ فِي الْاَرْضِ فَالْزَمْهُ وَإِنْ نُهِكَ جِسْمُكَ وَأُخِذَ مَالُكَ۔فَإِنْ لَمْ تَرَهُ فَاهْرُبْ فِيْ الْاَرْضِ وَلَوْ أَنْ تَمُوْتَ وَأَنْتَ عاضٌّ بِجِذْلِ شَجَرَةٍ۔

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ نے] کہا کہ (میرے ساتھی)صحابہ رسول اللہ ﷺ سے اچھی باتوں کے متعلق پوچھا کرتے تھے جبکہ میں آپ ﷺ سے شر کے متعلق پوچھتا تھا۔میں نے پوچھا یا رسول اللہؐ!کیا اس خیر کے بعد بھی کوئی شر ہو گا جیسا کہ اس سے پہلے تھا؟ آپ ﷺ نے فرمایا : ہاں۔میں نے کہا کہ اس سے بچنے کا کیا طریق ہے؟...آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ا گر تُو اس وقت اللہ کے خلیفہ کو زمین میں دیکھے تو اسے مضبوطی سے پکڑ لینا اگرچہ تیرا جسم نوچ دیا جائے اور تیرا مال چھین لیا جائے۔ اوراگرتُو اُسے (اللہ کے خلیفہ کو) نہ دیکھے تو زمین میں (کہیں) بھاگ جانا خواہ تم اس حال میں مرو کہ تمہیں درخت کی جڑیں چبانی پڑیں۔

(مسند احمد بن حنبل،باقی مسند الانصار،حدیث حذیفة بن الیمان عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ۲۲۹۱۶)

ارشادات حضرت خلیفتہ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

حضرت خلیفتہ المسیح الخامس فرماتے ہیں؛

ہمارا مقصد خدا تعالیٰ کی حکومت دنیا میں قائم کرنا ہے۔ کوئی ذاتی نفع رسانی نہیں ہے۔ توحید کا جھنڈا لہرانا ہے۔ ہم نے دنیا کے دل جیت کر دنیا کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے لانا ہے۔ اسی مقصد کے لئے ہمارے تبلیغی پروگرام ہیں اور دوسرے پروگرام ہیں۔ اس کے حصول کے لئے ہماری دعاؤں کی طرف توجہ ہے اور ہونی چاہئے۔ پس خلافت تو ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے کام کر رہی ہے۔ لیکن جیسا کہ میں نے کہا اس کے لئے اس روح کو سمجھنے کی ضرورت ہے کہ خلافت ہے کیا؟ اور یہ بات اسی وقت سمجھ آئے گی جب کامل اطاعت پر یقین پیدا ہو گا۔ کوئی جتنا بھی اپنے آپ کو عالم مدبّر یا مقرر سمجھتا ہے، اگر اطاعت نہیں ہے تو نہ ہی جماعت احمدیہ میں اس کی کوئی جگہ ہے، نہ ہی اس کا یہ علم اور عقل دنیا کو کوئی روحانی فائدہ پہنچا سکتی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے اس فقرے کو ہمیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ انسان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اتّباع امام کو اپنا شعار بناوے۔ پس جب مکمل طور پر خلیفہ وقت کی پیروی اور اطاعت اختیار کر لیں گے۔ خلیفہ وقت کی طرف سے ملنے والی ہدایات اور حکموں پر عمل کریں گے اور ان کی توجیہیں اور تاویلات نکالنی بند کر دیں گے تو علم بھی اور عقل بھی اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرتے ہوئے ثمر آور ہو گی اور پھل پھول لائے گی۔

خطبہ جمعہ 6 جون 2014

رپورٹ برائے عشرۂ ہیلووین آگاہی

مورخہ 25 تا 30 نومبر عشرۂ ہیلووین آگاہی کے سلسلے میں مختلف اقدامات کیے گئے۔ اس ضمن میں ہیلووین کے مختلف پہلوؤں، اس کے معاشرتی و اخلاقی اثرات اور اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اس سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لیے معلوماتی پوسٹرز تیار کیے گئے اور تمام مجالس کو ارسال کیے گئے۔ مزید برآں، ان پوسٹرز کو سوشل میڈیا اسٹیٹس کے ذریعے بھی عام کیا گیا تاکہ زیادہ سے زیادہ ممبرات تک یہ معلومات پہنچائی جا سکیں۔ اس سلسلے میں ایک معلوماتی پروگرام بھی مجالس کے ساتھ شیئر کیا گیا، جس کا مقصد لجنہ ممبرات میں شعور و آگاہی پیدا کرنا اور بالخصوص بچوں کی دینی و اخلاقی تربیت کے حوالے سے رہنمائی فراہم کرنا تھا۔ ان سرگرمیوں کے ذریعے ممبرات کو اس امر کی طرف توجہ دلائی گئی کہ وہ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اپنی اور اپنے بچوں کی تربیت پر خصوصی توجہ دیں اور انہیں اسلامی اقدار و روایات سے وابستہ رکھنے کی کوشش کریں۔

Majlis Espoo Oct Activities

During October, members and children of Majlis Espoo participated in several productive activities.Under the Tabligh Department, a brochure distribution activity was carried out with the participation of six Lajna members, four to five children and one Tifl. Together,they successfully distributed 249 brochures.Some members also worked independently on creative handicraft projects. One Lajna member stitched beautiful handmade bags and shared her work with others. Two girls made a variety of attractive crochet items and shared their creations.

Cooking-related learning also took place during the month. Participants prepared chicken shashlik and shared the recipe and cooking method with one another. A new garlic bread recipe was also tried and shared by a girl and a Lajna member.

These activities encouraged members and children to learn new skills, share their creativity and spend their time in a meaningful and productive way.

Sadr Lajna Imaillah, Majlis Espoo









اکتوبر کے ماہ میں مجلس ایسکو کی سرگرمیاں اکتوبر کے مہینے میں مجلس ایسپو کی لجنہ ممبرات اور بچوں نے مختلف مفید اور تخلیقی سرگرمیوں میں حصہ لیا شعبہ تبلیغ کے تحت بروشرز تقسیم کرنے کی سرگرمی منعقد کی گئی جس میں چھ لجنہ ، چار سے پانچ بچوں اور ایک طفل نے شرکت کی۔

کچھ ممبرات نے انفرادی طور پر صنعت و دستکاری سے متعلق تخلیقی کام بھی کیے ایک لجنہ ممبر نے خود نہایت خوبصورت بیگ سلائی کیا جبکہ ایک لجنہ ممبر نے خوبصورت ایپرن بھی سلائی کیا اور اپنا کام دوسروں کے ساتھ شیئر کیا ۔ دو بچیوں نے کروشیے کی مدد سے مختلف خوبصورت اشیاء تیار کی اور اپنی تخلیقات پیش کیں۔ اس مہینے کھانا پکانے سے متعلق سیکھنے اور سکھانے کا سلسلہ بھی جاری رہا ، شرکا نے چکن شاشلک تیار کیا اور اس کی ترکیب اور طریقہ تیاری ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کیا اس کے علاوہ گارلک بریڈ کی ایک نئی ریسپی بھی ایک بچی نے اور ایک لجنہ نے آزمائی اور دوسروں کے ساتھ شیئر کی ان سرگرمیوں سے لجنہ ممبرات اور بچیوں کو نئی مہارتیں سیکھنے، اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا اظہار کرنے اور اپنے وقت کو مفید اور بامقصد انداز میں گزارنے کا موقع ملا

صدر لجنہ اما اللہ ایسپو









شعبۂ خدمتِ خلق، وانتا مجلس

الحمدللہ، شعبۂ خدمتِ خلق وانتا مجلس کی جانب سے اولڈ ہوم کا دورہ کیا گیا۔ کافی کوششوں کے بعد ہمیں وہاں کے رہائشیوں سے ملاقات اور ان کے لیے تحائف پیش کرنے کا موقع ملا۔ اس موقع پر ہم نے ان کے لیے تحائف کی باسکٹس تیار کیں، جن میں 52 جوڑے موزے، چاکلیٹ کے دو پیکٹ اور جماعتِ کا پیغام درج تھا، شامل تھے۔جماعت احمدیہ کے تعارفی بروشرز، جن پر محبت سب کے لیے نفرت کسی سے نہیں کا پیغام درج تھا، شامل تھے۔ اولڈ ہوم کے عملے اور رہائشیوں نے ان تحائف کو بہت پسند کیا اور ہماری اس کوشش کو سراہا۔ ان شاء اللہ، ہم آئندہ بھی خدمتِ خلق کے ان کاموں کو جاری رکھنے اور ایسے دوروں کی تعداد بڑھانے کی کوشش کریں گے، تاکہ معاشرے میں محبت، ہمدردی اور انسانیت کی خدمت کے پیغام کو مزید فروغ دیا جا سکے۔







Alhamdulillah, the Khidmat-e-Khalq Department of Vantaa Majlis arranged a visit to a local care home for the elderly. After several efforts, we were pleased to receive an opportunity to visit and present gifts to the residents.

We prepared gift baskets containing 52 pairs of socks, two packs of chocolates, and Ahmadiyya Muslim Community brochures featuring the message “Love for All, Hatred for None.” The gifts were warmly received and greatly appreciated by the care home staff and residents.

Insha’Allah, we aim to continue these efforts and increase the frequency of our visits in the future, spreading the message of love, compassion, and service to humanity within our wider community.

رپورٹ صحت جسمانی

شعبہ صحتِ جسمانی کے تحت ہر ماہ لجنہ اماء اللہ کے لیے واک چیلنج کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ اس سرگرمی کا مقصد لجنہ کو جسمانی صحت کا خیال رکھنے، باقاعدگی سے چہل قدمی کرنے اور صحت مند طرزِ زندگی اپنانے کی ترغیب دینا ہے۔

واک کرنے کے بے شمار فوائد ہیں۔ اس سے جسمانی صحت بہتر ہوتی ہے، دل اور پھیپھڑوں کی کارکردگی میں بہتری آتی ہے، وزن کو متوازن رکھنے میں مدد ملتی ہے اور جسمانی قوت و توانائی میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ واک ذہنی دباؤ اور تھکاوٹ کو کم کرنے، موڈ بہتر بنانے اور ذہنی سکون حاصل کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوتی ہے۔ باقاعدہ واک سے لجنہ اپنی روزمرہ زندگی میں صحت مند عادات اپنا سکتی ہیں۔

اس ماہ کے واک چیلنج میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی لجنہ کے نام درج ذیل ہیں

پہلی پوزیشن: ریحانہ کوکب

دوسری پوزیشن: صبغۃ النور

تیسری پوزیشن: بشریٰ شریف